## سوال

(188) بارہویں سوال

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

بارہویں :

وَالَّذينَ يَدعونَ مِن دونِ اللَّهِ لا يَخلُقونَ شَيـًٔا وَهُم يُخلَقونَ ٢٠ أَموٰتٌ غَيرُ أَحياءٍ ٢١ ... سورة النحل

اور جن لوگوں کو یہ اللہ کے سوا پکارتے ہیں وہ کوئی چیز بھی تو نہیں بنا سکتے بلکہ خود ان کو (دوسروں کی طرح) بنایا گیا ہے (وہ) لاشیں ہیں بے جان۔

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اس ایت میں توان لوگوں کی تردید کی گئی ہے جنہوں نے غیر اللہ یعنی ملائکہ حضرت عزیر علیہ السلام حضرت عیسی علیہ السلام لات غزی منات وغیرہ کی عبادت کی اور بیان کیا گیا ہے کہ یہ تو کچھ بھی نہیں کر سکتے حتی کہ مکھی تک بھی پیدا نہیں کر سکتے بلکہ یہ تو خود مخلوق ہیں مربوب ہیں ایک دن فوت ہونے والے ہیں اور ہمیشہ زندہ رہنے والے نہیں ہیں لیکن دوسرے دلائل سے ثابت ہے کہ حضرت عیسی علیہ السلام اب تک زندہ ہیں اور پھر آخر زمانے میں نازل ہوں کے درمیان حضرت محمد ﷺ کی شریعت کے مطابق فیصلے کریں گے اور پھر فوت ہوں گے۔

ہذا ما عندي واللہ اعلم بالصواب

**فتاویٰ اسلامیہ**

**ج1ص38**